DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

# پاکستان کے ڈومیسٹک سیزن کا آغاز بدھ سے شروع ہونے والے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ سے ہوگا

**ملتان، 29 ستمبر 2020ء:**

تیس ستمبر بروز بدھ سے ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں شروع ہونے والے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ فرسٹ الیون ٹورنامنٹ میں پاکستان کے بہترین کھلاڑی شرکت کررہے ہیں۔ تینتیس میچوں پر مشتمل یہ ٹورنامنٹ پی ٹی وی اسپورٹس پر براہ راست نشر ہوگا۔ اس ٹورنامنٹ کے آغاز سے پاکستان میں تقریباً چھ ماہ بعد ایک بار پھر اعلیٰ سطحی کرکٹ شروع ہوگی۔

یہ ٹورنامنٹ دو مرحلوں میں کھیلا جائے گا۔ تیس ستمبر سے 6 اکتوبر تک جاری رہنے والے پہلے مرحلے کے تمام میچز ملتان میں کھیلے جائیں گے۔ ایونٹ کا دوسرا مرحلہ 9 سے 18 اکتوبر تک راولپنڈی میں جاری رہے گا۔

پاکستان دنیا کا وہ پہلا ملک ہے جس نے کورونا وائرس کے باوجود اپنے ڈومیسٹک سیزن کے مکمل شیڈول کا اعلان کیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے یہ فیصلہ قومی کرکٹرز کے روزگار کو جاری رکھنے کی غرض سے کیا تاہم اس دوران کوویڈ19 سے متعلق تمام پروٹوکولز پر سختی سے عملدرآمد کیا جارہا ہے اور یہی وجہ ہے کہ اس ایونٹ کے تمام میچز بند دروازوں میں کھیلے جائیں گے۔

گو کہ بند دروازوں کے باعث شائقینِ کرکٹ کو اسٹیڈیم میں داخلے کی اجازت نہیں ہوگی تاہم پاکستان کرکٹ بورڈ نے اپنے مداحوں اور کرکٹ فینز کو ان کے پسندیدہ کھیل کے براہ راست مناظر دکھانے کے لیے پی ٹی وی اسپورٹس سے تین سالہ معاہدہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں صرف نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کی پروڈکشن میں 14 جدید طرز کے کیمروں کا استعمال کیا جائے گا۔

آئندہ دو سالوں میں آئی سی سی کے دو میگا ایونٹس کو مد نظر رکھتے ہوئے پی سی بی نے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کو ڈبل لیگ کی بنیاد پر کروانے کا فیصلہ کیا ہے، جس سے کھلاڑیوں کو وائٹ بال کرکٹ میں اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بھرپور موقع ملے گا۔

یہ کرکٹرز ٹورنامنٹ میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرکے زمباوے کے خلاف ہوم سیریز سے قبل سلیکٹرز کی توجہ حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کے آئندہ ایڈیشن کے لیے نومبر میں شیڈول ڈرافٹ میں بھی اپنی مانگ میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

ایونٹ میں تقریباً 90 لاکھ روپے کی انعامی رقم تقسیم کی جائے گی، جس کے مطابق ایونٹ جیتنے والی ٹیم چمچماتی ٹرافی کے ساتھ ساتھ 50 لاکھ روپے کی حقدار ٹھہرے گی جبکہ رنرز اپ کو 25 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا۔ ایونٹ کے بہترین کھلاڑی، وکٹ کیپر، بیٹسمین اور باؤلر کو ایک ایک لاکھ روپے کا انعام دیا جائے گا۔

اس دوران قومی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور چیف سلیکٹر مصباح الحق، قومی کرکٹ ٹیم کے باؤلنگ کوچ وقار یونس، ہیڈ آف ہائی پرفارمنس کوچنگ گرانٹ بریڈبرن اور ہیڈ آف انٹرنیشنل پلیئرز ڈویلپمنٹ ثقلین مشتاق نوجوان کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کی غرض سے نیشنل ٹی ٹونٹی کپ کے میچز دیکھیں گے۔

خیبر پختونخوا کے خلاف ایونٹ کا افتتاحی میچ کھیلنے والی ناردرن کی ٹیم ٹورنامنٹ میں اپنے ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔ ایونٹ میں ہر روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ سہ پہر 3 اور دوسرا شام ساڑھے 7 بجے شروع ہوگا۔

ایونٹ میں شریک تمام ٹیموں کے کپتانوں نے ٹرافی تھامنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔

**شاداب خان، نائب کپتان ناردرن ٹیم:**

ناردرن کرکٹ ٹیم کے نائب کپتان شاداب خان کا کہنا ہے کہ ہماری ٹیم ایونٹ کی دفاعی چیمپئن ہے اور عماد وسیم کی عدم موجودگی میں اِس ٹیم کی قیادت کرنا ان کے لیے اعزاز ہے۔ نوجوان آلراؤنڈر نے کہا کہ حیدر علی اور ذیشان ملک کے علاوہ ناردرن کا تقریباً پرانا اسکواڈ ہی برقرار ہے، انہیں ہر کھلاڑی سے بہترین کارکردگی کی امید ہے۔

**حارث سہیل، کپتان بلوچستان:**

گزشتہ سال ایونٹ کی فائنلسٹ ٹیم بلوچستان کے کپتان حارث سہیل کا کہنا ہے کہ وہ اس ایونٹ کے لیے بہت پرجوش ہیں اور اس مرتبہ وہ ایونٹ کی رنرزاپ ٹیم کی بجائے فاتح کہلانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ایڈیشن میں بلوچستان کرکٹ ٹیم نے متاثر کن کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا، اس سال بھی ان کے اسکواڈ میں اچھے باؤلر اور بہترین بیٹسمین موجود ہیں۔

**سرفراز احمد، کپتان سندھ:**

سندھ کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد کا کہنا ہے کہ ٹی ٹونٹی فارمیٹ بہت مشکل ہے، یہاں ہمیں بہت جلد فیصلے کرنے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس فارمیٹ میں آپ کسی ایک کھلاڑی پر بھروسہ کرکے میدان میں نہیں اترسکتے مگر ہماری ٹیم میں ایسے کھلاڑی ہیں جو یکطرفہ طور پر میچ کا پانسہ پلٹنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شرجیل خان کی صلاحیتوں سے کسی کو انکار نہیں اور ان سے ایونٹ میں شاندار کارکردگی کی امید ہے۔

**محمد رضوان، کپتان خیبرپختونخوا:**

خیبرپختونخوا کے کپتان محمد رضوان کا کہنا ہے کہ جارحانہ حکمت عملی ہی ہماری ٹیم کی پہچان اور اسی سوچ کے ساتھ ہم نیشنل ٹی ٹونٹی کپ 2020 میں شرکت کررہے ہیں، خوش آئند عمل ہے کہ ایونٹ میں شریک تمام ٹیمیں بہترین ہیں لیکن ہماری ٹیم ٹورنامنٹ جیتنے کی مکمل صلاحیت رکھتی ہے۔

**شان مسعود، کپتان سدرن پنجاب:**

سدرن پنجاب کے کپتان شان مسعود کا کہنا ہے کہ ایونٹ میں ہر ٹیم دو مرتبہ ایک دوسرے کے مدمقابل آئے گی لہٰذا ضروری ہے کہ ہماری ٹیم ایونٹ میں اپنی بہتر کارکردگی کا تسلسل برقرار رکھے کیونکہ ڈبل لیگ پر مشتمل اس ایونٹ میں جو ٹیم لیٹ مومنٹم حاصل کرتی ہے وہ حیران کن نتائج دے سکتی ہے۔

شان مسعود نے کہا کہ بلاشبہ ہمارے پاس بڑے نام نہیں ہیں مگر ہماری ٹیم میں ایسے سینئر اور جونیئر کھلاڑی ہیں جو ایک دوسرے کو مکمل اسپورٹ کرکے بہترین کارکردگی دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

**سعد نسیم، نائب کپتان سنٹرل پنجاب:**

سعد نسیم نے کہا کہ بلاشبہ گزشتہ سال سنٹرل پنجاب کی کارکردگی متاثر کن نہیں تھی تاہم اس مرتبہ اسکواڈ میں نئے کھلاڑیوں خصوصاََ انڈر 19 کے ٹاپ پرفارمرز کی شمولیت کی وجہ سے بہتر کارکردگی کی امید ہے۔انہوں نے کہا کہ سنٹرل پنجاب کے موجودہ اسکواڈ میں بہترین آلراؤنڈرز سمیت سینئر اور جونیئر کھلاڑیوں کا ایک اچھا کمبی نیشن ہے۔

سنٹرل پنجاب کے نائب کپتان کا کہنا ہے کہ کامران اکمل اور عابد علی جیسے تجربہ کار کھلاڑیوں سمیت نسیم شاہ، رضوان حسین اور قاسم اکرم سے بھی ایونٹ میں بہتر کارکردگی کی امید ہے۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## About the National T20 Cup

- The 2020-21 season curtain-raiser under Covid-19 protocols will be held from 30 September to 18 October with the First XI matches in Multan and Rawalpindi, and Second XI matches in Lahore. Complete event and season's schedule available here

- Imad Wasim's Northern will defend the title they won in 2019-20 after defeating Balochistan in front of a packed-to-capacity Iqbal Stadium, Faisalabad. Other four sides are Central Punjab, Khyber Pakhtunkhwa, Sindh and Southern Punjab

- Pakistan's very best white-ball cricketers will feature in the competition. Complete player squads are available here.

- As part of the US$200million agreement with PTV Sports and I-Media Communications Services, the event will be produced by the PCB and broadcasted live on PTV Sports. Click here to read more about the three-year agreement

- The First XI event carries a total prize money of PKR9million with the winner collecting a cheque of PKR5million and the runner-up receiving PKR2.5million.

- With one eye on the ICC T20 World Cups 2021 and 2022 the First XI matches will be held on double-league, meaning each player will get a minimum of 10 matches to impress the national selectors as well as franchise owners for the HBL Pakistan Super League 2021

- With match fee for white-ball matches set at PKR40,000, the double-league format provides a high-performing player to earn, at least, PKR400,000. This is part of the PCB's strategy and commitment to enhance earning opportunities as well as to reward high-performing cricketers

- To know and understanding potential player earnings in the 2020-21 domestic season, please click here

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**




Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4